پریس ریلیز

گوجرانوالہ 24 اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ گوجرانوالہ سے ایکسپورٹ کو مزید فروغ دینے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔اس ضمن میں چیمبر آف کامرس میں موجود بزنس سپورٹ ڈیپارٹمنٹ نے ''ایکسپورٹ فوکس ڈرائیو'' کا آغاز کیا ہے جس کے تحت پوری دنیا کے مختلف ممالک کی منڈیوں سے متعلق معلومات و راہنمائی فراہم کی جائے گی تاکہ گوجرانوالہ کے ایسے کاروباری افراد جو پہلے سے ایکسپورٹ کر رہے ہیں یا وہ گوجرانوالہ سے ایکسپورٹ کرنے کے خواہش مند ہیں کو مکمل معلومات میسر آئیں گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف صنعتی و تجارتی تنظیموں کے نمائندہ وفود سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم، اراکین مجلس عاملہ، سابق صدور، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل بھی موجود تھے۔

انہوں نے کہا کہ ہم بزنس کمیونٹی کی بے لوث خدمت کے تسلسل کو بلاتفریق جاری رکھے ہوئے ہیں اور بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کرانے میں ہمہ وقت مصروف ہیں۔ممبران ''ایکسپورٹ فوکس ڈرائیو'' سے بھرپور استفادہ حاصل کریں۔انہوں نے کہا کہ چیمبر کے وٹس گروپس اور سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ہر تیسرے دن کسی نہ کسی ملک کو ایکسپورٹ کی جانیوالی مصنوعات کے ایکسپورٹ پوٹنشل متعلق معلومات شیئر کی جائیں گی۔ضرورت اس امر کی ہے ممبران ان معلومات کے ذریعے گوجرانوالہ سے زیادہ سے زیادہ ایکسپورٹ کو فروغ دینے کیلئے کردار ادا کریں۔نیز ایسے ممبران جن کے پاس ایکسپورٹ کو بڑھانے کیلئے تجاویز ہیں ہمارے ساتھ شیئر بھی کر سکتے ہیں تاکہ آپ کی فراہم کردہ معلومات کے مطابق ہمیں اقدامات اٹھانے میں مدد مل سکے۔